کو اُردو میں منتقل کر کے شائع کرنے کا جو ایک وسیع اور مفید سلسلہ شروع کیا ہے، یہ کتاب بھی اس کی ایک حسین کڑی ہے صحیح بخاری میں جو احادیث مکرر آئی ہیں علامہ حسین بن مبارک زبیدی نے اُن کے مکررات اور اسانید کو حذف کر کے تجرید بخاری کے نام سے ایک مجموعہ مرتب کیا تھا جو دو ہزار ایک سو اسی احادیث پر مشتمل تھا۔ زیر تبصرہ کتاب۔ اسی کا اردو ترجمہ ہے جو صاف اور سلیس اور عام فہم زبان میں کیا گیا ہے اس سے یہ فائدہ ہوگا کہ اردو خواں حضرات بھی اس سے استفادہ کر سکیں گے شروع میں علامہ زبیدی اور امام بخاری کے حالات اور فن حدیث میں ان کا جو مرتبہ ہے اگر اس پر ایک مقدمہ بھی ہوتا تو علما اور طلباء کے لئے بھی بہت مفید ہوتا بہر حال عام مسلمانوں میں حدیث کا ذوق پیدا کرنے اور اس کی دینی اہمیت وعظمت سے اُن کو آشنا کرنے کے لئے یہ سلسلہ بہت مفید ہے امید ہے کہ ارباب ذوق اس کی قدر کریں گے۔

ماہنامہ مقام رسالت مرتبہ جناب سلیم الدین شمسی صاحب تقطیع کلاں۔ ضخامت ۴۸ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت چار روپے سالانہ پتہ:- دفتر مقام رسالت ۱۳۲ برٹھ ورود کراچی ۵۔

پاکستان میں فتنۂ انکار حدیث میں جو پھیلاؤ اور شدت پیدا ہو رہی ہے دوسری جانب سے اس زہر کا تریاق مہیا کرنے کی سعی بھی اسی قدر ہو رہی ہے چنانچہ اس رسالہ کا جو ماہانہ ہے مقصد یہی ہے۔ یہ برابر پابندی سے شائع ہو رہا ہے اور ہر اشاعت میں مختلف مختصر لیکن مفید مضامین کے علاوہ اس فتنہ کا ذکر اور اُس کا رد ضرور ہوتا ہے۔ قرآن مجید میں دفاع عن الحق کی دو صورتیں بیان کی گئی ہیں ایک "اِدْفَعْ بِالَّتِي هِيَ أَحْسَن" اور دوسرا "جَزَاءُ سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِثْلُهَا" مقام رسالت کا عمل یوں تو دونوں پر ہی ہے لیکن دوسرے طریقہ کا پلہ نسبتاً بھاری ہے یہ خوشی کی بات ہے کہ پاکستان کے صحیح الخیال اور مستند علماء، مثلاً مولانا مفتی محمد شفیع دیوبندی۔ اور مولانا محمد یوسف بنوری کی امداد و اعانت رسالہ کو حاصل ہے اس لئے مسلمانوں کو اس کی قدر کرنی چاہیئے۔